# سوال

قرآن کریم کی آیات کا صحیح محل

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب کوئی شخص فوت ہوجاتا ہے تو بعض لوگ یہ آیات پڑھتے ہیں : یٰأَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۲۷ ارجعی إلی رَبِّکِ راضِیَةً مَرضِیَّةً ۲۸ ... سورة الفجر ''اے اطمینان پانے والی روح! اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر چل، تو اس سے راضی، وہ تجھ سے راضی۔'' اس کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ان آیات کا کسی مخصوص شخص پر اطلاق جائز نہیں کیونکہ اس طرح یہ گویا اس بات کی شہادت ہوگی کہ وفات پانے والا شخص قطعی طور پر ان مخصوص لوگوں کی صف میں شامل ہے جن سے بوقت وفات یہ کہا جاتا ہے گویا کہ یہ اس بات کی گواہی اور تزکیہ ہے کہ وفات پانے والا یہ شخص قرآن کریم میں مذکور کی لوگوں کی صنف میں بالجزم شامل ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

**عقائد کے مسائل : صفحہ 189**